**25.10.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی اور جرمن چانسلر اولف شولز نے نئی دِلی میں ساتویں بین سرکاری صلاح مشورے کی مشترکہ صدارت کی۔

☆ جرمنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہنرمند بھارتی پیشہ ور افراد کیلئے سالانہ ویزا کوٹہ کو 20 ہزار سے بڑھا کر 90 ہزار کرے گا۔

☆ اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے بہت سے علاقوں میں موسلادھار بارش ہورہی ہے۔ کیونکہ سمندری طوفان دانا کمزور پڑ گیا ہے۔ اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی نے کہا ہے کہ سرکار نے، کسی کا بھی جانی نقصان نہ ہو، یہ نشانہ حاصل کرلیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام جاری ہے۔

☆ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام آج ختم ہورہا ہے۔ مختلف ریاستوں کے 47 پارلیمانی حلقوں اور کیرالہ میں وائناڈ پارلیمانی حلقے کیلئے ضمنی انتخابات کیلئے بھی نامزدگیاں داخل کرنے کا کام آج ختم ہورہا ہے۔

☆ بھارت کے چیف جسٹس ڈاکٹر جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا ہے کہ ملک میں عدالتوں کو معذور افراد کیلئے بھی قابل رسائی بنانے کیلئے مختلف اقدامات کئے گئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں بھارت نے پونے ٹیسٹ کے دوسرے دن اپنی پہلی اننگز میں نیوزیلینڈ کو 156 رن پر آؤٹ کردیا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Germanay Asia Pacific**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ صلاحیت، ٹیکنالوجی، اختراع اور بنیادی ڈھانچہ، بھارت کی ترقی کے آلات ہیں۔ اُنہوں نے کہاکہ آج کا بھارت، جمہوریت، آبادی کے تناسب، مانگ اور اعداد و شمار کے چار مضبوط ستونوں پر کھڑا ہے۔ وزیراعظم نئی دِلی میں جرمن تجارت سے متعلق 18ویں ایشیا-بحرالکاہل کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت-جرمن تعلقات

ہر سطح پر مضبوط ہو رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ بھارت-جرمن دفاعی شراکت داری کا 25واں سال ہے اور آئندہ 25 سال میں اِن تعلقات کو نئی بلندیاں فراہم ہوں گی۔ جناب مودی نے یہ بھی کہاکہ آج بھارت تنوع اور خطرات کو دور کرنے کا سب سے بڑا مرکز بن کر اُبھر رہا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہاکہ بھارت-بحرالکاہل خطہ، دنیا کے مستقبل کیلئے نہایت اہم ہے۔
وزیراعظم نے یہ بھی بتایاکہ جرمنی نے ہنرمند بھارتی پیشہ ور افراد کیلئے سالانہ ویزا کوٹہ 20 ہزار سے بڑھا کر 90 ہزار کردیا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِس فیصلے کا مقصد ہنرمند کارکنوں کی، جرمنی کی مانگ کو پورا کرنا اور بھارت کے ساتھ اقتصادی تعاون کو مضبوط کرنا ہے اور جس کے نتیجے میں بھارتی پیشہ ور افراد کیلئے جرمنی میں روزگار کے موقعوں میں اضافہ ہوگا، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی تعلقات مستحکم ہوں گے۔

**Rev. President - Chhattisgarh**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج 2 روزہ دورہ پر چھتیس گڑھ پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے آج رائے پور میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS کے جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کی۔ چھتیس گڑھ کے گورنر رمن ڈیکا اور وزیراعلیٰ وشنودیو سائی بھی اس موقع پر موجود تھے۔
تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ دور دراز کے علاقوں میں رہنے والے افراد کی فلاح وبہبود کے لیے جدید طبی تکنیک کا استعمال کیا جانا چاہئے۔ صدر جمہوریہ نے طلبا سے کہا کہ وہ محروم طبقے کے لوگوں کی خدمت کو ترجیح دیں۔
صدر جمہوریہ نے کہا کہ پچھلی دہائی کے دوران ملک کے لوگوں کو صحت بیمہ فراہم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کیے گئے ہیں۔
صدر جمہوریہ آج سہ پہر NIT رائے پور کے جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔
اِس کے علاوہ صدر جمہوریہ آج شام نیا رائے پور میں Purkhauti Muktangan میں منعقد ایک پروگرام میں آن لائن وسیلے سے 70 لاکھ خواتین کو چھتیس گڑھ حکومت کی مہاتری وَندن یوجنا کی نویں قسط جاری کریں گی۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ اسکیم کے مستفیدین اور ساتھ ہی ساتھ قبائلی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ اپنے دو روزہ دورے کے دوسرے اور آخری دن صدر جمہوریہ کل چھتیس گڑھ میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی IIT اور ہیلتھ سائنس اور آیوش یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔

**VP Karnataka**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج سے کرناٹک کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ اپنے دورے کے پہلے دن جناب دھنکھڑ کرناٹک کے Mandya کے BG Nagara میں Adichunchanagiri یونیورسٹی کے طلباء کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ کرناٹک میں راج بھون بھی جائیں گے۔

## Jhakhand-Maha Nominations

جھارکھنڈ میں آسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔ اِس مرحلے کے تحت 13 نومبر کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 28 اکتوبر کو ہوگی جبکہ اِس مہینے کی 30 تاریخ تک امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکتے ہیں۔ اِس دوران انتخابی کمیشن نے ریاست میں پولنگ کے پہلے مرحلے کے تناظر میں رائے دہندگان کو ووٹر سلپ تقسیم کرنا شروع کردیا ہے۔

اعلیٰ انتخابی افسر کے روی کمار نے کہا ہے کہ یہ سلپس پانچ نومبر تک تقسیم کی جائیں گی۔ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے لیے پولنگ دو مرحلوں میں ہوگی۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ مہاراشٹر آسمبلی انتخابات کے لیے واحد مرحلے کی پولنگ کے ساتھ ساتھ 20 نومبر کو ہوگی۔

مہاراشٹر میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی قیادت والی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP نے آسمبلی انتخابات کے لیے 7 امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کردی ہے۔

پارٹی نے باندرہ ایسٹ حلقے سے مرحوم بابا صدیقی کے بیٹے ذیشان صدیقی کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ سابق ممبرپارلیمنٹ پرتاپ راؤ چکھلیکر، لوہا سے انتخاب لڑیں گے۔ یہ دونوں ہی رہنما آج صبح NCP میں شامل ہوئے ہیں۔

مختلف ریاستوں میں 47 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ میں وائناڈ پارلیمانی سیٹ کے ضمنی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی بھی آج آخری تاریخ ہے۔

اِن سیٹوں کے لیے ووٹنگ اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

## CJI Interview

جسٹس سنجیو کھنہ کو بھارت کا اگلا چیف جسٹس مقرر کیا گیا ہے۔ جسٹس کھنہ بھارت کے 51 ویں چیف جسٹس ہوں گے۔ جسٹس کھنہ کے اگلے سال 13 مئی کو ریٹائر ہوں گے۔

چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندر چوڑ جنہوں نے 9 نومبر 2022 کو عہدے کا حلف لیا تھا، اِس سال 10 نومبر کو ریٹائر ہوں گے۔ اِس دوران بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ 75 برسوں سے زیادہ عرصے سے عوام کی عدالت میں تبدیل ہوگئی ہے۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ منفرد نقطۂ نظر، جہاں عدالت عالیہ، عوام کی عدالت کے طور پر کام کرتی ہے، دنیا میں کہیں بھی اِس کی نقل نہیں کی گئی ہے۔

سپریم کورٹ کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے مختلف موضوعات پر بصیرت افروز خیالات کا اظہار کیا۔ انھوں نے آکاشوانی میں بطور پرزینٹر اپنے دنوں کو بڑے شوق سے یاد کیا۔

اُن کا یہ انٹریو آج رات ساڑھے نو بجے 100 اعشاریہ ایک آکاشوانی گولڈ اور اضافی فریکوئنسیز پر نشر کیا جائے گا۔ یہ انٹرویو newsonair ایپ، newsonair.gov.in اور تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر بھی دستیاب رہے گا۔

## Judges Bombay High Court

بامبے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس دیویندر کمار اپادھیائے نے آج نامزد ججوں، نِویدتا پرکاش مہتا، پرفل سُر یندر کمار کُھباِلکر، اشون دامودر بھوبے، روہت واسودیو جوشی اور اَدوَیت مہندرا سیتھنا کو اُن کے عہدے کا حلف دلایا۔
حلف برداری کی تقریب میں ہائی کورٹ کے سبھی موجودہ ججز اور کچھ سابق ججز نے شرکت کی۔ تقریب میں نومنتخبہ ججز کے کنبے کے ارکان نے بھی شرکت کی۔

## Railways Special Trains

ریلوے کی وزارت دیوالی اور چھٹ پوجا کے تہواروں کے دوران، مسافروں کی بھیڑ کی وجہ سے سات ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہی ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دہلی میں کہا کہ اِن خصوصی ریل گاڑیوں سے تقریباً **2** لاکھ مزید مسافر سفر کرسکتے ہیں۔
اُنہوں نے کہاکہ اِس سال اِن خصوصی ریل گاڑیوں کی تعداد بڑھا کر **7** ہزار کی گئی ہے، جبکہ پچھلے سال چار ہزار **500** خصوصی ریل گاڑیاں چلائی گئی تھیں۔

## Cyclone Dana

شدید سمندری طوفان دانا کمزور پڑکر اوڈیشہ کے ساحلی ضلعوں کیندرپاڑا، بھدرک اور بالاسور کے کئی حصوں میں پہنچ گیا ہے۔ طوفان کے اثر سے شدید ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی ہے۔ دانا طوفان کل دیر رات **Bhitarkanika** نیشنل پارک اور دَھمرا کے بیچ اوڈیشہ کی ساحل پر پہنچا۔
اِس طوفان سے بڑی تعداد میں درخت اور بجلی کے کھمبے جڑسے اکھڑ گئے ہیں اور خطے میں دھان کی فصل کو بھی نقصان پہنچا ہے، تاہم کسی کے ہلاک ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔
بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے کہا ہے کہ یہ طوفان کمزور پڑکر سمندری طوفان میں تبدیل ہوگیا ہے اور اگلے چار گھنٹے کے دوران یہ مزید کمزور ہوکر گہرے دباؤ میں بدل جائے گا اور شمالی اوڈیشہ کو پار کرجائے گا۔
اس دوران آفات سے نمٹنے والی فورس نہایت احتیاط سے اکھڑ جانے والے درختوں کو ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔ آج شام تک اِن علاقوں میں بجلی بحال ہوجانے کا امکان ہے۔
اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے آج صبح بھوبنیشور میں طوفان کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا اور متاثرہ ضلعوں کے کلکٹروں سے کہا ہے کہ وہ دانا طوفان سے ہونے والے نقصانات کا اندازہ لگائیں اور جلد سے جلد اپنی رپورٹ پیش کریں۔
محکمہ موسمیات نے آج شدید بارش کیلئے بالاسور، بھدرک اور میور بھنج ضلعوں کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ کیندرپاڑا، کیونجھار، ڈھن کنال، کٹک اور جاج پور اضلاع میں شدید بارش کے سبب اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

**Rain Kerala**

دانا طوفان کے زیر اثر پورے کیرالہ میں دور دور تک بارش ہورہی ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کیرالہ کے تروانت پورم، کوٹایام، اِدوکی، ارناکولم اور تریشور اضلاع کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کیرالہ اور لکشدیپ کے ساحل پر سمندر میں مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔

**J&K Search Operation**

جموں وکشمیر میں سرحدی حفاظتی فورس BSF اور پولیس نے آج سانبا ضلعے کے سرحدی علاقوں میں مشتبہ سرگرمیوں پر نظر رکھنے کیلئے ایک مشترکہ تلاش کارروائی شروع کی ہے۔ تلاشی کی یہ کارروائی وادیٔ کشمیر میں دہشت گردانہ حملوں کے پس منظر میں کی گئی ہے۔ BSF اور پولیس کی یہ مشترکہ تلاش کی کارروائی رام گڑھ سیکٹر کے سرحدی علاقوں میں کی جارہی ہے، جس میں حفاظتی دستے حساس مقامات میں چھان بین کررہے ہیں۔ اِن علاقوں میں بین الاقوامی سرحد پر کچھ جنگلاتی علاقے بھی شامل ہیں۔
اِسی دوران سانبا کے ضلع مجسٹریٹ نے، سانبا ضلعے میں بین الاقوامی سرحد کے دو کلو میٹر کے اندر اندر، ہر قسم کی آتش بازی کی فروخت اور استعمال پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ یہ پابندی دو مہینے تک برقرار رہے گی۔

**Cricket**

کرکٹ میں بھارتی ٹیم آج سہ پہر پونے میں دوسرے ٹسٹ کے دوسرے دن کے کھیل میں 156 رن ہی بناسکی۔ اِس طرح نیوزی لینڈ کو بھارت کے خلاف 103 رن کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔
نیوزی لینڈ کی جانب سے مشیل سینٹنر نے 53 رن دے کر 7 وکٹ جبکہ گلین فلپس نے 26 رن دے کر 2 وکٹ لیے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں 259 رن بنائے تھے۔

**Hockey Johar Cup**

ملیشیا میں جاری ہاکی کے سلطان آف جوہر کپ کے گروپ اسٹیج میچ میں آج دوپہر بھارت اور نیوزی لینڈ کی جونیئر ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ رینکنگ راؤنڈ شروع ہونے سے پہلے دونوں ٹیموں کے لیے یہ میچ Round-Robin League Phase کا پانچواں اور فائنل میچ ہوگا۔ مسلسل تین میچ جیتنے کے بعد بھارتی ٹیم کو پچھلے میچ میں آسٹریلیا سے صفر کے مقابلے چار گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ بھارتی ٹیم 9 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں سب سے آگے ہے جبکہ نیوزی لینڈ دوسرے نمبر پر اور آسٹریلیا تیسرے نمبر پر ہے۔

☆☆☆